**29.09.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

………………………………

☆ بھارت اور بھوٹان سرحد کے دونوں طرف دو ریل رابطے قائم کریں گے تا کہ بھوٹان کے دو اہم شہروں کو آسام اور مغربی بنگال سے مربوط کیا جاسکے۔
☆ یوروپی آزاد تجارتی انجمن کے چار ممالک کے ساتھ بدھ کے روز سے آزاد تجارتی معاہدہ نافذ ہوجائے گا۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے BJP ورکروں پر زور دیا ہے کہ وہ غیر BJP حکمرانی والی ریاستوں میں اِس بات کو یقینی بنائیں کہ GST میں کمی کا فائدہ عوام تک پہنچے۔
☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بحری سلامتی سے متعلق خطرات سے نمٹنے اور قدرتی آفات کے بندوبست میں ساحلی گارڈس کے اہم رول کی ستائش کی ہے۔
☆ پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں شہریوں نے اپنے بنیادی حقوق کا مطالبہ کرتے ہوئے حکومت کے خلاف بڑے پیمانے پر احتجاج کیا ہے۔
☆ اور نئی دلّی میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں مردوں کے نیزہ پھینکنے کے F46 زمرے میں رِنکو سنگھ نے سونے کا اور سُندر سنگھ گرجر نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

………………………………

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## India Bhutan Rail Projects

بھارت اور بھوٹان نے چار ہزار 33 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے ریل رابطوں کے 2 سرحد پار پروجیکٹ قائم کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ اِن ریلوے پروجیکٹوں میں کوکرا جھار - گیلیے فُو اور بَنار ہاٹ - Samtse شامل ہیں۔ نئی دلّی میں مشترکہ اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ پروجیکٹ، بھوٹان کے دو اہم شہروں گیلیے فُو اور Samtse کو جوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹ بھارتی ریلوے نیٹ ورک کے آسام میں کوکرا جھار اور مغربی بنگال میں بَنار ہاٹ سے شروع ہوں گے۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ کوکرا جھار اور گیلیے فُو ریل پروجیکٹ کی تخمینہ لاگت تین ہزار 456 کروڑ روپے ہوگی اور یہ 69 کلومیٹر طویل ہوگا۔

وہیں بَنار ہاٹ اور Samtse ریل پروجیکٹ کی تخمینہ لاگت 577 کروڑ روپے ہوگی اور یہ 20 کلومیٹر طویل ہوگا۔ ریلوے کے وزیر نے بتایا کہ اِن ریلوے پروجیکٹوں میں پوری سرمایہ کاری بھارت کرے گا۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری نے کہا کہ یہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان ریل رابطوں کے پروجیکٹوں کا پہلا حصہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ اِن رابطوں کیلئے مفاہمت ناموں پر گذشتہ سال، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے بھوٹان دورے کے دوران دستخط کئے گئے تھے۔ جناب مِسری نے کہا کہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان اعتماد، باہمی احترام اور افہام و تفہیم کا غیرمعمولی رشتہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اس رشتے کی جڑیں ثقافتی اور تہذیبی تعلقات، عوام سے عوام کے درمیان جامع رابطوں اور مشترکہ ترقیاتی اور سلامتی مفادات میں پیوست ہیں۔ جناب مسری نے مزید کہا کہ بھارت، بھوٹان کا سرفہرست تجارتی ساجھیدار ہے۔x

## Goyal FTAs

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ یوروپی آزاد تجارتی انجمن کے ممالک آئس لینڈ، Liechtenstein، ناروے اور سوئٹزرلینڈ کے ساتھ بدھ کے روز سے آزاد تجارتی معاہدہ FTA کا اطلاق ہوجائے گا۔ جناب گوئل نے مطلع کیا کہ ترقی یافتہ ممالک بھارت کے ساتھ FTA پر دستخط کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں جس نے پہلے ہی UAE، آسٹریلیا اور برطانیہ کے ساتھ ایسے معاہدے مکمل کرلئے ہیں۔ آج گریٹر نوئیڈا میں اترپردیش بین الاقوامی ٹریڈ شو کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ بھارت کے ساتھ امریکہ، یوروپی یونین، نیوزی لینڈ، عمان، پیرو اور چلی بھی بات چیت کر رہے ہیں جبکہ قطر اور بحرین نے بھی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا بھارت کے زرِ مبادلہ کے ذخائر 700ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔x

## PM Delhi BJP Office

آج وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی راجدھانی میں دین دیال اپادھیایہ مارگ پر دلّی BJP کے نئے تعمیر کئے گئے دفتر کا افتتاح کیا۔ اس دفتر کا سنگ بنیاد جون 2023میں BJP کے صدر جگت پرکاش نڈّا نے رکھا تھا۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ نوراتری کے پوتر موقعے پر دلّی BJP کو ایک نیا دفتر ملا ہے۔

S/B PM Delhi BJP

آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے غیر BJP حکمرانی والی اُن ریاستوں کے BJP ورکروں پر زور دیا جہاں پارٹی اپوزیشن میں ہے کہ وہ حکومت کو لازمی طور پر اِس بات کیلئے جوابدہ بنائیں کہ GST کی کمی کا فائدہ عوام تک پہنچ پائے۔

S/B PM GST

وزیر اعظم نے کہا کہ NDA حکومت نے ملک میں اچھی حکمرانی کا ایک نیا ماڈل فراہم کیا ہے اور وہ ترقی

اور وراثت کے منتر کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ NDA حکومت نے ملک اور اُس کے شہریوں کی سلامتی کو اوّلین ترجیح دی ہے اور بڑے گھپلوں سے ملک کو آزاد کرکے بدعنوانی کے خلاف ایک فیصلہ کن لڑائی سے شہریوں میں اعتماد کا جذبہ پیدا کیا ہے۔ جاری سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اسے خواتین کی صحت کی جانچ کیلئے ایک اہم قدم قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ اب تک صحت سے متعلق کیمپوں میں تین کروڑ سے زیادہ خواتین کے مفت ہیلتھ چیک اَپ کئے جاچکے ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے BJP کے صدر جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ، ملک اور پارٹی کیلئے وقف کردیا ہے۔x

## Vaishnaw Bihar Trains

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور بہار کے نائب وزیراعلیٰ سمراٹ چودھری نے آج بہار کیلئے 7ریل گاڑیاں وقف کیں جن میں تین امرت بھارت ایکسپریس ٹرین شامل ہیں۔ یہ تین امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیاں مظفرپور کو Charlapalli سے، دربھنگہ کو Madar جنکشن سے اور چھپرا کو آنندوہار ٹرمنل سے مربوط کریں گی۔ ریلوے کے وزیر نے نئی دلّی سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تقریب میں شرکت کی جبکہ بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری نے پٹنہ جنکشن سے ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔چار نئی مسافر ریل گاڑیاں بھی اہم شہروں کیلئے کنکٹی ویٹی فراہم کریں گی جن میں نوادہ، اسلام پور، بکسر اور Jhajha شامل ہیں۔

تین نئی امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کے آغاز سے ریاست کی کنکٹی ویٹی میں مزید بہتری آئے گی، جو ایک ترقی یافتہ بہار کے ذریعے ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کی تکمیل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ پہلے صرف ایک ہزار کروڑ روپئے کا بجٹ تھا جو اب دس ہزار کروڑ روپئے تک پہنچ گیا ہے۔

S/B Ashwini New Trek

## Seva Parv

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز ’سیوا پرو‘ کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت Samudrayaan پروجیکٹ کے ذریعے گہرے سمندر میں امکانات تلاش کرنے کے سلسلے میں بھارت کو سرکردہ ممالک میں شامل کر رہی ہے۔

Capsule

گذشتہ ایک دہائی میں بھارت گہرے سمندر میں امکانات تلاش کرنے کے سلسلے میں انتھک کوششیں کر رہا ہے۔ اس کا ایک انتہائی اہم حصہ سمدریان پروجیکٹ ہے جو بھارت کا پہلا انسان پر مبنی گہرے سمندر کا مشن ہے۔ 2021میں گہرے سمندر کے مشن کا آغاز ہوا۔ یومِ آزادی پر وزیر اعظم نے National Deep Water

Exploration Mission کا اعلان کیا جس کا مقصد سمندر میں تیل اور گیس ذخائر کے امکانات تلاش کرنا ہے۔ اِسے سمدر منتھن قرار دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اِس پہل کو مشن موڈ پر انجام دیا جائے گا جس سے توانائی کے شعبے میں بھارت کی خودکفالت کو تقویت حاصل ہوگی۔

Byte PM

گہرے سمندر میں امکانات تلاش کرکے بھارت نہ صرف معدنیات، بایو ڈائیورسٹی اور توانائی کے ذخائر تک رسائی حاصل کرے گا بلکہ وہ گہرے سمندر میں امکانات تلاش کرنے سے لیس جدید ٹیکنالوجی والے کچھ ملکوں میں بھی شامل ہوجائے گا۔x

## Rev Rajnath Commanders Conf

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور خودکار جوابی میکانزم کو ملک کی بحری سلامتی کے فریم ورک کے ساتھ مربوط کرنے پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں انڈین کوسٹ گارڈ (ICG) کے کمانڈرز کی 42ویں کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے قدرتی آفات سے متعلق صورتحال کے بندوبست اور بحری سلامتی کو درپیش خطرات سے نمٹنے میں بھارتی کوسٹ گارڈز کے اہم رول کی بھی ستائش کی۔انہوں نے مزید کہا کہ کوسٹ گارڈز جوابی ردّ عمل کی پہلی صف بنے ہوئے ہیں۔ جناب سنگھ نے کہا کہ بھارتی کوسٹ گارڈز، داخلی اور خارجی سلامتی دونوں میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

SB - 2100 - Rajnath - ICG

## Prez Officers

Indian Skill Developmen Service-ISDS،Indian Statistical Service-ISS اور سینٹرل انجینئرنگ سروس CES کے زیر تربیت افسران نے آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ ISS افسران سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ڈیٹا پر مبنی آج کی دنیا میں اعداد وشمار کی اہمیت میں خاطرخواہ اضافہ ہوا ہے اور اِن افسران نے اِس سلسلے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے ISDS کے افسروں سے کہا کہ ہنرمندی اور معلومات کسی بھی ملک کی اقتصادی ترقی اور سماجی پیشرفت کے اصل انجن ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جن ممالک نے زیادہ ہنرمند افرادی قوت تیار کی ہے وہ عالمی چیلنجوں سے بہتر طور پر نمٹ سکتے ہیں اور مختلف شعبوں میں ابھرتے ہوئے امکانات سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔x

## Rev Paikstan Protest

پاکستانی مقبوضہ کشمیر، PoJK کے مظفر آباد میں آج پاکستان کے حفاظتی دستوں کی جانب سے کی گئی فائرنگ میں کم از کم 2افراد ہلاک اور 22زخمی ہوگئے۔ علاقے کے مظاہرین، حکومت سے بنیادی حقوق کا مطالبہ کررہے تھے۔ پبلک ایکشن کمیٹی نے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے مطالبوں پر مبنی 28نکاتی چارٹر تیار کیا ہے، جس میں PoJK

اسمبلی میں پاکستان میں رہائش پذیر کشمیری پناہ گزینوں کیلئے مختص 12 قانون ساز سیٹوں کو ختم کرنے کا مطالبہ بھی شامل ہے۔ PoJK کے Dadyal اور دیگر علاقوں سے بھی مظاہروں کی خبر ملی ہے۔ پاکستان تحریکِ انصاف کی PoJK اکائی نے، اِن مظاہروں کو آن لائن طرز پر بڑھایا اور حکومت کی نااہلی اور ظلم و جبر کے الزامات پر مبنی سلسلہ وار بیانات جاری کئے۔ PoJK میں انٹرنیٹ اور موبائل فون خدمات بدستور معطل ہیں۔ دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثرہ خطوں میں سے ایک، PoJK کے عوام انسانی، اقتصادی اور نفسیاتی ایذا رسانی سے بدستور متاثر ہیں۔

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے سوراشٹر اور کچھ کے مختلف علاقوں میں کل شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، چھتیس گڑھ، آندھرا پردیش، اڈیشہ اور انڈومان و نکوبار جزائر میں اگلے دو دن کے دوران شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال، سکم، ناگالینڈ، گجرات اور مدھیہ پردیش کے مختلف حصوں میں اگلے دو سے تین دن کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کے موسمی حالات برقرار رہیں گے۔ x

## World Para Athletics

نئی دلّی میں جاری عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ کے مردوں کے بھالا پھینکنے کے F46 مقابلے میں، بھارت کے Rinku Hooda نے سونے کا، جبکہ سُندر سنگھ گُرجر نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ Rinku نے 66 اعشاریہ تین سات، جبکہ سُندر سنگھ نے 64 اعشاریہ سات چھ میٹر کی دوری تک بھالا پھینکا۔ پوائنٹس ٹیبل میں بھارت پانچ تمغوں کے ساتھ چھٹے مقام پر ہے۔ اِن میں سونے کے دو تمغے بھی شامل ہیں۔ عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ ابھی جاری ہے اور اِس کا اختتام پانچ اکتوبر کو ہوگا۔ x

## Fur. Rev ISSF Junior World CUP

دلّی میں ISSF جونیئر عالمی کپ میں آج بھارت نے خواتین کے دس میٹر ایئر رائفل مقابلے میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ Ojasvi Thakur نے سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ Hrudya Shri Kondur نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اِسی زمرے میں Shambhavi Kshirsagar نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

مردوں کے دس میٹر ایئر رائفل مقابلے میں ہمانشو نے سونے کا، جبکہ Abhinav Shaw نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کے 25 میٹر فائر پسٹل زمرے میں مکیش Nevalli نے چاندی کا اور سورج شرما نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ x

☆☆☆☆☆☆